سگنل مین | ٹکٹ | انجن | سگنل | ہرا



# ریل گاڑی

ہو کے اگاڑی اور پچھاڑی
آؤ کھیلیں چھک چھک گاڑی
بن جائیں انجن کچھ بچّے
باقی سب بن جائیں ڈبے
بائیں ہاتھ سے خوب جکڑ لو
اک دوجے کی کمر پکڑ لو







دائیں ہاتھ کو لاؤ منہ تک
دھواں اڑاؤ بھک بھک بھک بھک

لے کر اپنے ہاتھ میں ڈنڈی
سگنل مین دکھائے جھنڈی

بن جائے اِک بچہ ٹی - سی
پاس ، ٹکٹ کی کرے تلاشی


ملے گارڈ کی جس کو ڈیوٹی
ہاتھ میں اپنے لے وہ سیٹی

دیکھ کے سگنل ہاتھ ہلائے
منہ سے اپنے وِسل بجائے

پھر جو موٹر مین بنے گا
سب سے آگے وہ بیٹھے گا

ریل چلے گی رفتہ رفتہ
تیز کبھی ہوگی آہستہ

دیکھ کے سگنل لال رُکے گی
ہرا نظر آیا تو چلے گی







آئے گا اسٹیشن جب جب
رُک جائے گی گاڑی تب تب

کوثر انصاری

## ۱. پڑھیے اور سمجھیے

اگاڑی : آگے

پچھاڑی : پیچھے

دوجے : دوسرے

سگنل : اشارہ

ٹی،سی : ریل میں ٹکٹ چک کرنے والا

لال : سُرخ

ہرا : سبز

## ۲. سوچیے اور بتایئے

☆ ٹی،سی کیا کام کرتا ہے؟

☆ منہ سے وِسل کون بجاتا ہے؟

☆ سب سے آگے کون بیٹھے گا؟

☆ ریل کہاں پر رُکے گی؟

## ۳. سبق ذہن میں رکھ کر درج ذیل مصرعوں کو مکمل کیجیے

☆ باقی سب بن................ڈبے

☆ اک دوجے کی................پکڑلو

☆ ................مین دکھائے جھنڈی


☆ ملے..........کی جس کو ڈیوٹی

☆ منہ سے اپنے..........بجائے

☆ رُک جائے گی..........تب تب

## ۴. کالم ''الف'' کو کالم ''ب'' سے ملائیے

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| ریل | ماحول کو آلودہ کرتا ہے |
| جھنڈی | ایک لمبی گاڑی ہوتی ہے |
| اسٹیشن | کپڑے کی بنی ہوتی ہے |
| سگنل | پر ریل ٹھہرتی ہے |
| دھواں | دیکھ کر گاڑی رُکتی ہے |







۵. درج ذیل ایسے انگریزی الفاظ ہیں جو اُردو میں استعمال ہوتے ہیں استاد کی مدد سے مزید ایسے پانچ الفاظ لکھیے

| | | |
|---|---|---|
| انجن | : | Engine |
| سگنل | : | Signal |
| پاس | : | Pass |
| ٹکٹ | : | Ticket |
| گارڈ | : | Guard |
| ڈیوٹی | : | Duty |
| وِسل | : | Whistle |
| موٹر مین | : | Motor Man |
| سٹیشن | : | Station |

## ٦. عملی کام

یہ نظم ایک ڈرامائی نظم ہے۔ نظم میں بچوں کو ریل گاڑی بنانے کا طریقہ دکھایا گیا ہے، اپنے کلاس کے چند بچوں سے ریل گاڑی بنانے کا ایک ایکٹ کروائے، باقی بچوں کو یہ نظم صرف دُھن کے ساتھ گانے کے لیے کہیے۔